Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

https://crazyfansofnovel.com/

fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

❤وجدان محبت❤

رائٹر پاکیزہ طیبہ

باب دوم

ہاں ہاں بس نکل رہے ہیں سحر... تمہارے عابی کو باحفاظت پہنچا دیں گے.

ارے یار تم کب ائے...؟؟

یاسر باہر اتا فون پر بات کرتا اچانک عاقب کو وہاں دیکھ کر حیرانگی اور گرمجوشی سے بولا..

"... اچھا سحر ہم ارہے ہیں... اوکے بائے"

یاسر نے کہہ کر فون بند کیا اور عاقب کی طرف متوجہ ہوا..

بس پانچ منٹ پہلے ایا ہوں یار مام نے میٹھائی بجھوائی ہے.. انکل گھر پر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہی ہیں..؟

!...ہاں ڈیڈ اندر ہیں... اجاؤ

نہیں.. تم لوگ کہیں جا رہے ہو... جاؤ.... مجھے بھی افس کے لئے دیر ہو رہی.. میں نکلتا ہوں... یہ انکل کو دے دینا... مام ڈیڈ نے خاص بجھوائی ہے..

عاقب جلد بازی میں کہہ کر واپس گاڑی کی طرف چل دیا..

.. تو یاسر کندھے اچکاتا میٹھائی کی ٹوکری لے کر اندر چلا گیا

..ڈیول کے بچے "ارہا ہوں... کوئی شرارت نہیں کرنی'

یاسر کی بات سن کر عابی منہ کے زاویے بگاڑتے گاڑی میں بیٹھ گیا.. اُسے بہت جلدی تھی اپنی مم سے ملنے کی.

....عینہ باس بُلا رہیں ہیں اپنے کیبن میں

...اوکے شیزہ

عینہ نے مصروف سے انداز میں کہا.. اور دو منٹ بعد وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فائل لے کر کھڑی ہوئی.. پہلے اپنے ٹھیک حجاب کو مزید صحیح کیا اور باس کے کیبن کی طرف چل دی ..

ناک کر کے اجازت ملنے پر وہ معدب انداز میں چلتی ہوئی کرسی تک ائی ..

سر یہ فائل ریڈی کر دی ہے.. اور آپ کی اج ڈینر پر عمار مرزا کے ساتھ میٹنگ ہے ..

مس عینہ آپ بیٹھ کر بھی بتا سکتی ہیں ..

" ..نو سر شکریہ "

عینہ نے عام سے انداز میں کہا

...اوکے جسے آپ کی مرضی

..شام میں آپ بھی میرے ساتھ میٹنگ میں چل رہی ہیں

" ...اوکے سر "

حمدان صاحب کو کال کر کے بتا دیں.. یہ ڈیل مجھے ہی ملنی چاہئے.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی سر" ان شاء اللہ

...ٹھیک ہے پھر اکٹھے نکلتے ہیں.. اوکے سر

عینہ نے ایک نگاہ اُٹھا کر اپنے باس کو دیکھا جو لیپ ٹاپ پر نظریں جھکائے مصروف سے انداز میں لاپرواہی سے بات کر رہا تھا..

...جی سر میں جاؤں

مس عینہ آپ کو یہ پوچھنا نہیں چاہیئے.. اگر کام اور بات ختم ہوئی تو اس کا مطلب آپ جا سکتی ہیں.. اس کے لئے میری اجازت درکار نہیں ہونی چاہیئے..

..جی سر

عینہ بنا کسی تاثر کے کہہ کر کیبن سے نکل گئی.. اُس کے چہرے پر ذرا سا بھی خفت نہیں تھی.. یا وہ اپنے جذبات کسی پر عیاں نہیں کر سکتی تھی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دروازہ بند ہونے کی اواز سن کر اُس نے سر اُٹھا کر دیکھا پھر اپنے کام میں مصروف ہو گیا..

"مم.....مم.....نوری...."کدھر ہو اپ...؟؟

عابی لاونچ میں اتے ہی سحر کو اوازیں دینے لگ گیا تھا.. سحر مسکراتے ہوئے اپنے کمرے سے نکلی..

"اسلام علیکم نوری"

عابی سحر کے ساتھ لپٹتے ہوئے بولا..

"وعلیکم اسلام"

"کیسا ہے میرا عابی...؟؟"

تمہارا عابی تو ٹھیک ہے..ہمارے بچوں کا پوچھو...

یاسر انس کے ساتھ اندر اتے بولا..

سحر یاسر کی بات سن کر مسکرا دی اور اپنے بہن سے ملنے لگ گئی..

بچوں کو بھی لے اتیں اپی... ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بس شام کو واپس چلے جانا... تو بچوں کو گھر ہی چھوڑ آئے

.. چلیں پھر اپی آپ لوگ بیٹھیں.. میں چائے لاتی ہوں

انس اور یاسر باتوں میں لگ گئے تھے.. تو ایمان بھی اُٹھ کر سحر

..کے پیچھے کیچن میں چلی گئی.. عابی پہلے ہی وہاں تھا

...عابی چلو کھیلو جا کر... اپنی نوری تھوڑی دیر کے لئے مجھے دے دو

...لے لیں خالا جانی... رہیں گیں تو میری ہی

.عابی منہ بسورتا ہوا کہہ کر چلا گیا

.. سحر تم آ جاتی تو شادی کی تیاری میں تھوڑی مدد ہی ہو جاتی

..ایمان ہچکچاتے ہوئے بولی

..اپی میرا دل نہیں کرتا وہاں آنے کو

ایمان نے اپنی بہن کی بات سن کر اُسے غور سے دیکھا جس کا چہرہ

..ہر تاثر سے عاری تھا

...کب تک وہاں نہیں آؤں گی

..بھاگتے بھاگتے تھک جاؤ گی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..میرے ساتھ عابی ہے... یہ مجھے تھکنے نہیں دے گا

..سحر نے کپوں میں چائے ڈالتے کہا

.سحر فخریہ لہجے میں بولی

یہ لیں آپ چائے لے کر جائیں... میں کھانے کی تیاری کر

..لوں... پھر یاسر بھائی جلدی جلدی مچائیں گے

ایمان سحر کے ہاتھ سے چائے کی ٹرے لے کر اُسے گھوریوں سے

نوازتے کیچن سے نکل گئ اور لاونچ میں اکر ٹرے پٹختے ہوئے ٹیبل پر

..رکھی... اور خود صوفے پر ڈھنے کے انداز میں بیٹھی

..ماحول خاصا گرم لگ رہا ہے

انس نے کپ یاسر کو پکڑاتے ہوئے کہا اور ایک کپ خود کے

...لئے اُٹھا کر ایمان کو ابرو اچکاتے دیکھا

میں عابی کو لے کر گئی تھی کہ یہ پیچھے اہی جائے گی.. لیکن اس

نے تڑلے منتے کر کے واپس بلوالیا.. کوئی عابی کو مجھ سے چھین لے گا

...بالاں بالاں... اور اب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

(اپی ہم دونوں کی دن مییں کافی دفعہ ہوجاتی (بحث

..انس افسردہ ہوتے بولا

پتہ نہیں چاہتی کیا ہے... ساری زندگی گھٹ گھٹ کر چھپ

...کر تو نہیں گزرتی ناں

..ایمان دکھ سے افسوس کرتی بولی

غلطی میری بھی ہے.. مجھے اکیلے چھوڑ کر نہیں جانا چاہیے تھا

..آپ دونوں کو

..انس کے چہرے پر ندامت واضح نظر آرہی تھی

..یاسر لب بھینچے دونوں بہن بھائی کی گفتگو سن رہا تھا

غلطی تم دونوں کی ہے.. تم دونوں کو اُسے اُس کے حال پر نہیں چھوڑنا

..چاہیے تھا

.یاسر کچھ سوچتے ہوئے بولا.. تو ایمان اور انس شرمندہ ہو گئے

جب وہ ائی تھی جس حالت میں ائی تھی.. جاتے... اُس کے

شوہر کے پاس... گریبان پکڑ کر پوچھتے.. لیکن "واللہ" ہماری سحر کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

محبت... اج تک اُس شخص کا تم دونوں کو نام تک نہیں بتایا.. اور تم دونوں نے کوشش بھی نہیں کی.. افسوس ہے تم دونوں پر... اب وہ .. جیسے زندگی گزار رہی ہے... گزارنے دو... اب کوئی فائدہ نہیں ہے

یاسر کی بات سن کر دونوں سر جھکا کر کپوں کو گھورنے لگ گئے تھے..

" ... چلیں مس عینہ"

" ...جی سر"

..عینہ جلدی سے کمپیوٹر بند کرتی کھڑی ہوتے بولی

وہ دونوں پارکینگ کی طرف جا ہی رہے تھے کہ دونوں نسوانی اواز سن کر پلٹے..

" ..ہائے سویٹ ہارٹ"

اووہ فاریہ کیسی ہو...؟؟

میں ٹھیک سویٹ ہارٹ.. چلو اکٹھے چلتے ہیں... میں ڈینر کے لئے تمہے پک کرنے ائی ہوں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..فاریہ نے عینہ کو نظر انداز کر کے کہا

!!...سوری فاریہ مجھے ایک میٹینگ میں جانا ہے.. نیکسٹ ٹائم

..اوہو میٹیگ میں اپنی اس ایمپلوئ کو بھیج دوناں

فاریہ نے لاڈ سے کہا اور نخوست سے عینہ کو دیکھا..عینہ اُسے ایک انکھ نہ بھاتی تھی..جو اپنے آپ کو پورا کور کر کے رکھتی تھی.. حجاب سے اپنے بالوں کو بھی چھپایا ہوتا تھا.. بھوری گڑیا جسی انکھیں.. حد سے زیادہ سفید رنگ.. تیکھی ناک..گلابی ہونٹ اور ہونٹوں کی اوپری جگہ پر تل.. جس کی کشش کسی کو بھی اپنی طرف کھینچ سکتی تھی..پیروں تک پہنے میں جو میکسی سٹائل میں تھا وہ پری جسی تھی..جو فاریہ کی انکھوں میں کھٹکتی تھی.. فاریہ شاہد صاحب کے بزنس پارٹنر فیاض لعناری کی سب سے چھوٹی اور لاڈلی بیٹی ہے..

"..نو سویٹ ہارٹ.."ہم چل رہے ہیں

میں نے ایک دفعہ کہہ دیا. نہیں تو نہیں... نیکسٹ ٹائم دیکھو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..گا

!!...عینہ چلیں

"...عاقب"

فاریہ نے تلملاتے ہوئے کہا.. لیکن عاقب اُس کو اگنور کیے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا اور گاڑی زن سے فاریہ کے نزدیک سے نکال کر یہ جا وہ جا..

فاریہ تن فن کرتی گاڑی میں بیٹھی اور غصے میں فل سپیڈ پر گاڑی چلانے لگ گئی.. اج تک کسی نے اُسے انکار نہیں کیا تھا.. لیکن عاقب ہمیشہ اُسے رد کرتا تھا.. وہ پھر بھی ڈھیت بنی نئی انداز سے اُسے اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کرتی تھی..

عاقب بنا کسی تاثر کے ڈرائیو کر رہا تھا.. اُس کو دیکھ لگتا تھا نہ وہ روڈ ہے نہ سوفٹ نیچر والا.. وہ الگ ہی نیچر کا تھا... اپنے کام سے کام رکھنے والا. لاپرواہ سا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ نے بغور اُسے دیکھا اور پھر خاموشی سے باہر کی طرف رُخ کر کے بیٹھ گئی..

مام....ماں....ماما...

کیا ہو گیا... حارث بھائی.. "کیوں چیخ رہے ہیں.؟؟"میرے کانوں کے پردے ہل گئے ہیں..

حرا سوالیہ انداز میں بے اُکتا کر بولی..

ہیروں کے کان بھی ہوتے ہیں...؟؟

اور پردے تو کھڑکیوں کے اگے لگائے ہوتے ہیں..!

حارث صوفے پر گیرنے کے انداز میں بیٹھتے ہوئے سوچنے کی ایکٹینگ کرتا بولا..

بھائی......

حرا فوری چیخی..

مام آپ نے میرا نام حرا کیوں رکھا...

حرا نے شفق بیگم کو اتے دیکھ کر بے چارگی سے پوچھا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat Epi 2 | By Pakezza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..کیونکہ تم دینا کی نایاب ترین انسان ہو

شفق بیگم کے جواب دینے سے پہلے ہی حارث نے مزاخ

..اُڑانے کہا

.....مام

..حرا روہانسی ہو گئی تھی

"حارث کیوں تنگ کر رہے ہو...؟؟"

مام اب ہیرے کو تنگ بھی نہیں کر سکتے..اچھا مجھے کھانا دے

دیں بھوک لگی ہے..آپ کے بیٹے نے افس میں بہت مشقت

..کروائی ہے

..اچھا کیا میرا ابدلا میرے چار منگ بھائی نے لے لیا

..حرا خوش ہوتے بولی تو حارث جل بھن گیا

......بھائی..."میری جان""پرنس" اب "چار منگ" بھی

میں کس کیٹا گیری میں اتا ہوں...؟؟

..آپ مراسیوں کی کیٹا گیری میں ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرا حارث کو چڑاتے ہوئے کہہ کر اٹھی اور اوپر کی طرف بھاگی..

..مام... میں اسے چھوڑوں گا نہیں

..حارث پھرتی سے اُٹھا.. اور حرا کے پیچھے بھاگا

شفق بیگم بس دونوں کو دیکھ کر رہ گئیں تھیں.. ان دونوں کے دم سے ہی تو گھر میں رونق ہو جاتی تھی. ورنہ وہ سارا سارا دن گھر میں بولائی بولائی پھیرتی تھیں..

"مس عینہ میں چھوڑ دیتا ہوں.."نو سر شکریہ

..میں چلی جاؤں گی

..عینہ نے نرمی سے کہا

..چلیں جیسے آپ کی مرضی

عاقب کہہ کر ہوٹل سے باہر نکل گیا.. تو عینہ بھی ہوٹل سے باہر نکل کر سڑک کے سائیڈ پر چلنے لگی.. اُسے چلنا بہت پسند تھا وہ اکثر افس سے واپسی پر واک کر کے اپنے فلیٹ تک اتی تھی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب بھی وہ سر جھکائے اپنے دھیان میں چل رہی تھی.. یہ جانے بغیر کوئی اُس کا تعاقب کر رہا ہے..

فلیٹ کے سامنے پہنچ کر اُس نے ایک لمبی سانس ہوا کے سپرد کی اور چابی نکال کر دروازہ کھولا. پورا فلیٹ اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا..

افففففف.....!!

میں پھر بھول گئ..

عینہ سر پر ہاتھ مارتے بولی..

روز سوچتی ہوں.. لاونج کی لائیٹ جلا کر جاؤں گی.. پھر جاتے جاتے سب سوئچ بند کر جاتی..

عینہ لائیٹ جلاتے بڑبڑا رہی تھی.

ہائے میں نے صبح سے کچھ کھایا بھی نہیں..

ایک تو یہ سر اتنا کام کرواتے ہیں.. اوپر سے اج تک تعریف نہیں کی.. اور بے عزت اتنے پیار سے کرتے ہیں جسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگلا بندہ سمجھ ہی نہ پائے.. بے عزتی کر رہے ہیں یا سمجھا رہے ہیں.. اب بندہ پوچھے.. بلایا تھا تو جانے کے لئے بھی کہہ دینے میں کیا جاتا تھا.. لیکن یہ اُس جناب عالی کی شان کے خلاف تھا..

اب عینہ کی دُہایاں عروج پر تھیں.. وہ اپنے آپ کو اور دیواروں کو سُنا کر دل کی بھڑاس نکال رہی تھی.. سارا دن چپ چاپ رہنے والی لڑکی صرف اپنے آپ سے باتیں کرتی تھی..

اور تو اور دوبارہ کہا ہی نہیں. کہ میں چھوڑ دیتا ہوں.. بس لے کر جانا ہوتا.. شو مارنے کے لئے.. جسے میں جانتی ہی نہیں.. اُس فاریہ کو لے کر جاتے تو پتہ چلتا.. بات کرنے کی تو تمیز ہے نہیں اُس لڑکی کو... ائ بڑی سر کو سویٹ ہارٹ کہنے والی.. جسے خود سویٹ کی فیکٹری ہو..

عینہ حجاب اتارتے صوفے پر بیٹھتے ہوئے بنا بریک کے بول رہی تھی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...چل عینہ اب کچھ کھا کر سوچ

نہیں مجھے تو ابھی فائل بھی کمپلیٹ کرنی ہے..ورنہ اُس نے اچھے

.سے سمجھانے والے انداز میں بے عزتی کرنی ہے

.عینہ دکھی لہجے میں خود کو ہی بتا رہی تھی

اچھا ہے ناں...زیادہ تھکوں گی تو زیادہ اچھی نیند ائے گی. میری قسمت

.میں تو مشقت کرنا ہی لکھا ہے

...ڈیڈ

..مجھے عاقب شاہد سے شادی کرنی ہے

..فاریہ حکیمہ انداز میں بولی

..بیٹا ریلکس

..نو ڈیڈ

وہ ہر دفعہ میری انسلٹ کرتا ہے اُس حجابن کے سامنے ہی..اب

..میں اُسے اپنا بنا کر چھوڑوں گی..پھر وہ کہیں کا نہیں رہے گا

فاریہ طیش کے الم میں اپنے خیالات فیاض صاحب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے گوشگوار کر رہی تھی.. اس وقت اُن باپ بیٹی کے علاوہ کمرے میں کوئی نہ تھا.. فیاض صاحب افسوس سے اپنی بیٹی کو دیکھ رہے تھے..

"پانی پیو.. "

No dad..

I don't need water..

I just want to see him bent over in front of me...

فاری میری جان...

کسی کے پیچھے بھاگا نہیں جاتا.. بھاگتے بھاگتے انسان خود تھکتا ہے.. دوسرے انسان کو تو کوئی فرق ہی نہیں پڑتا.. کیونکہ وہ اپنی زندگی میں ٹھہرا ہوتا ہے.. محبت پیچھے بھاگنے سے نہیں ملتی.. برداشت کرنے سے ملتی ہے.. جھکانے سے نہیں.. جھکنے سے ملتی ہے.. فیاض صاحب نے اُسے سمجھاتے ہوئے کہا

ڈیڈ آپ میری بات مانیں گے کہ نہیں...؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat Epi 2 | By Pakezza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..فاریہ اب بھی اپنی بات پر اڑی رہی

..اوکے میں شاہد سے بات کر کے دیکھتا ہوں

پر یاد رہے..اُس کے سامنے جھکوں گا نہیں..صرف انڈریکٹلی بات کروں گا..تمہارے اور عاقب کے رشتے کی..اور مجھ سے کوئی امید نہ رکھنا..

..فیاض صاحب نے بیٹی کے سامنے ہارتے ہوئے کہا تھا

Ohh Thank you so much dad..

Now I feel relax..

..آپ نے تو میرا موڈ فریش کر دیا

فاریہ چہکتے ہوئے کمرے سے نکل گئی اور فیاض صاحب مشکل میں پڑ گئے تھے..بیٹی کو سمجھانے کا کوئی فائدہ نہیں تھا.

کھانے کی ٹیبل پر سب خاموشی سے اپنی پلیٹوں پر جھکے ہوئے تھے..صرف عابی ہی کوئی نہ کوئی بات کر لیتا تھا..

مم آپ نے مجھے واپس سکول میں داخل کروانے کے لئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بلاوایا ہے ناں

واووو....اب میں بھی طحہ تانیہ (ایمان کے بچے) کے طرح

..سکول جاؤں گا

عابی کی بات سن کر سحر کے حلق میں ہی نوالہ پھنس گیا

تھا..وہ اپنے بیٹے کے چہرے کی خوشی نہیں چھینا چاہتی تھی.. لیکن

..اُسے سمجھ نہ ایا کہ کیا جواب دے

ایمان نے جتاتی نظروں سے سحر کو دیکھا..البتہ یاسر نے

..اشارے سے کسی بھی ری ایکشن سے منع بھی کیا تھا

سحر و چاولوں کی ٹرے پکڑانا..انس نے ذرا اونچی اواز میں کہا

..بھانجے جان...یہ چاول کھاؤ

..سکول بھی چلے ہی جاؤ گے

..نہیں ماموں..مجھے نوری کھلائیں گیں

..عابی نہ میں گردن ہلاتے بولا

ابھی تو خود کھا رہے تھے..اب نور کیوں کھلائیں..؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انس نے ناسمجھی سے پوچھا.. بس اب میں اُن کے ہاتھ سے کھاؤں گا..

سحر بے بسی سے اپنے بیٹے کو دیکھ رہی تھی جو ہو بہو اپنے باپ کی طرح ضدی اور لاپرواہ تھا..

تم بھی اپنی ماں کی طرح نرالے ہی ہو..

نہیں مم کہتی ہیں میں ڈیڈ اپ ہوں.

عابی کے منہ سے جلدی میں نکل گیا تھا. اُس نے بول کر فوری منہ پر ہاتھ رکھا..

اوپس...!

کیا کیا..

کیا کہا...

انس نے ہر براہ کر پوچھا.. ایمان اور یاسر بھی سحر کو دیکھ رہے تھے..

عابی نے معصوم شکل بنائے سحر کو دیکھ کر بنا آواز کے سوری کہا..

سحر اس وقت اپنے آپ کو بے بس محسوس کر رہی تھی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم اپنے بیٹے سے تو "اُس" شخص کا ذکر کر لیتی ہو.. لیکن ہمیں بتاتے ہوئے تمہے تکلیف ہوتی ہے.. حالانکہ تمہے عابی کو نہیں بتانا چاہئے... اتنے پیار سے وہ اُسے ڈیڈا کہتا ہے کہ جسے وہ کہیں کا پرنس چارمنگ ہے.. سحر بہت افسوس ہوا... تم اپنے بیٹے کو اہم سمجھتی ہو.. ہمیں نہیں.. یہ بھی اُسی کی ہی اولاد ہے. یہ مت بھولنا..

ایمان خفگی سے بولتے بولتے تھوڑا تلخ ہو گئ تھی..

خالا آپ میری نوری سے ایسے بات نہیں کر سکتیں..

عابی سحر کا روہانسی چہرہ دیکھ کر غصے سے بولا..

پانچ سال کے ہو تم... اور باتیں تم پندرہ سال کے بچے جتنی کرتے ہو... تمہاری نوری میری چھوٹی بہن ہے..

ایمان اپی بس کریں....

انس منت بھرے لہجے میں بولا تو ایمان نے یاسر کو دیکھا کہ وہ اُس کے حق میں بولے گا... لیکن اُس کے چہرے پر سختی دیکھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..کر ایمان نظریں چرا گئی تھی

"....ایمان چلو"

یاسر بھائی کھانا...؟؟

..سحر نے بھیگی اواز میں کہا

" اللہ تمہے حوصلہ اور خوشیاں دے"

یاسر نے سحر کے سر پر ہاتھ رکھتے دعا دی اور ایمان کو سخت

..نظروں سے اُٹھنے کا کہا

..بھائی اپ نے سفر کرنا..کچھ کھا لیتے

..انس نے روایتی انداز میں فکر مندی سے کہا

..کوئی بات نہیں یار.. میرا ہی گھر ہے

..ایمان چلو

..یاسر نے اونچی اواز میں کہا تو ایمان جلدی سے کھڑی ہوئی

.سحر نے بے بسی سے اپنی بہن اور بہنوئی کو جاتے دیکھا تھا

مم آپ مت روئیں پلیز....آپ کی انکھوں میں انسو دیکھ کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..مجھے کچھ ہونے لگ جاتا ہے

..حالا خود ہی غصہ کر کے ٹھیک ہو جاتی ہیں

..سحر حیرت زدہ عابی کو دیکھ رہی تھی

جاری ہے

کومنٹ میں اپنی رائے ضرور دیں

..زبردست سن کر آ کتا گئی ہوں کچھ نیا ہونا چاہئے

==========================

ایمان جو بھی تھا. تمیے سحر سے ایسے بات نہیں کرنی چاہئے تھی.."تم نے اُس کی انکھوں کی اداسی نہیں دیکھی..؟؟"میری بہن ہوتی..!اور اُس کو ذرا سا بھی دکھ ہوتا.. تو دونوں بھائیوں نے زمین اسمان ایک کر دینا تھا..پر افسوس ہماری بہن ہی نہیں ہے..

یاسر خفگی بھرے لہجے میں بول رہا تھا..وقتی غصہ بھی کم ہو گیا تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

افسوس ہوتا ہے مجھے تم دونوں بہن بھائی پر...اپنی چھوٹی بہن کو ہی نہیں سمجھ سکتے..اپنی اپنی ہی ہانکتے ہو اُس کے سامنے..اور وہ خاموشی سے سن لیتی ہے..

یاسر وہ ہماری بہن ہے..ہم اُسے اچھے سے جانتے ہیں..وہ کس طرح بولتی ہے..کرتی ہے..آپ نہیں جانتے..

ایمان نے اپنے آپ پر ضبط کرتے ترش لہجے میں کہا...

کاش...!میں اُس کے لئے کچھ کر سکتا..

یاسر نے گہری سانس لیتے کہا اور پھر خاموشی سے ڈرائیو کرنے لگا..سارا راستہ ایمان بھی سوچوں میں ڈوبی رہی تھی..

ماضی.

ایمان اپی انس باہر چلا گیا ہے..اور آپ بھی شادی کر رہی ہیں... "میں اکیلی کیا کروں گی..؟؟"

سحر تم میرے ساتھ چلو گی اور کیا کرو گی..

نہیں اپی میں آپ کے ساتھ نہیں رہوں گی.. سگے بھائی نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بوجھ نہیں اُٹھایا.. بہنوئی پر کیوں بنو...

سحر وہ ایسے نہیں ہیں... اج رات کو تمہے ملواؤں گی اُن سے.. ابھی مجھے تیار ہونے دو.

نہیں مجھے نہیں ملنا..

سحر افسردہ ہوتے بولی..

اچھا تم ہوسٹل میں شفت ہو جاو... اگر میرے ساتھ نہیں چل سکتی.. اور تھرڈ اپشن تم بتادو... ہے تو....!

اپی....!

سحر صدمے سے بولی..

دیکھو سحر مجھے شادی تو کرنی ہے.. اور یاسر اور انکل بہت اچھے ہیں.. میں اتنا اچھا پرپوزل ریجیکٹ نہیں کر سکتی.... میں تمہے ماہانا خرچہ بھیجتی رہوں گی.. اور انس بھی تو بھیج رہا ہے.. "تمہے اور کیا چاہیے...؟؟"

ایمان نے سحر کی انکھوں کی نمی کو اگنور کرتے کہا.. اور ہارن کی اواز سن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر باہر نکل گئی..کیونکہ اُسے یاسر کے ساتھ شاپنگ پر جانا تھا..

سحر خاموشی سے اُٹھ کر اپنے کمرے میں اگئی تھی..

رات کو تھکی ہاری جب وہ واپس ائی اور سحر کو اوازیں دینے لگی...

سحر...سحر...سحرو...

آپ بیٹھیں یاسر.. میں اُسے بلاتی ہوں..اپنے روم میں ہو گی.

"یار اتنی جلدی سو گئی..؟؟"

یاسر کو کہہ کر سحر کے کمرے میں داخل ہوتے ایمان بولی...لیکن سحر وہاں بھی نہیں تھی..

ایمان نے پورا فلیٹ دیکھا جو کہ صرف تین کمروں پر مشتمل تھا..لیکن سحر کہیں بھی نہیں تھی..وہ تھک کر لاونج میں اکر صوفے پر ڈھ سی گئی..پتہ نہیں کہاں گئی ہے..

ایمان فون کر لو...کسی فرینڈ کی طرف نہ ہو...

جی یاسر..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمان نے سحر کو فون کرنے کے لئے بیگ سے موبائل نکالا.. اور دیکھا تو سحر کا مسیج ایا ہوا تھا..

لو میڈم نے مسیج کر دیا ہے... کہاں گئ. ہیں..

ایمان نے مسیج اوپن کرتے یاسر کو بتایا

اپی میری سائیڈ ٹیبل پر ایک لیٹر پڑا ہے وہ پڑھ لینا..

ایمان مسیج پڑھ کر اندر کو بھاگی.. مسیج اُس کی توقع کے بر عکس تھا.

اپی میں ہوسٹل میں جا رہی ہوں.. جب آپ کو میری پرواہ نہیں.. تو آپ کے ہزبینڈ کو کیسے ہو گی.. میں اپنا بوجھ خود اُٹھا لوں گی.. اور انس بھی ہے.. آپ کو نئ زندگی بہت مبارک ہو... اور ہونے والی شادی بھی.. اللہ آپ دونوں کو خوش رکھے.. بس اپی شادی کے بعد میں اپ پر بوجھ نہیں بن سکتی.. شادی سے پہلے آپ میری بہن تھیں.. لیکن شادی کے بعد آپ کسی کی بیوی ہوں گی.. اور رہی انس کی بات تو وہ مجھے پیسے بھیجتا ہے.. اور میں اُسے روکوں گی نہیں.. بس آپ لوگوں سے ملوں گی نہیں.. ماما

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاپا کی ڈیتھ کے بعد سب رشتہ داروں نے ہمیں اکیلا چھوڑ دیا تھا..

کیونکہ ہم بوجھ تھے.. اب میں اس قابل ہوں کہ اپنا بوجھ خود اُٹھا سکو.. اپ سب کو تنگ نہیں کروں گی.. مجھے اکیلا رہنا پسند ہے.. اور یہ بات آپ اچھے سے جانتی ہیں. اس لئے آپ ارام سے اپنی زندگی میں خوش رہیں.. زندگی میں کبھی آپ کو میری یاد ستائی تو مجھے اپنے سامنے پائیں گیں.. انس کو بھی میں نے بتا دیا ہے اور اُسے کوئی اعتراض نہیں ہے.. آپ بھی میرے لئے جو تھوڑا بہت پریشان ہوتی ہیں وہ چھوڑ دیں.. اور یاسر بھائی کے ساتھ نئی زندگی شروع کریں.. انہیں بتا دینا.. آپ کی بہنن آپ لوگوں پر بوجھ نہیں بنا چاہتی تھی اس لئے آپ لوگوں کی شادی سے پہلے چلی گئی.. میں اپنا مزاخ نہیں بنانا چاہتی تھی.. آپ کی شادی کے بعد.. مجھے کسی سے کوئی شکایت نہیں.. میرے نصیب میں ٹھوکریں کھانا لکھا ہے.. دعا کیجیے گا میں ہمیشہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ثابت قدم رہوں..رب نے چاہا تو ضرور ملیں گے..تب تک کہ لیے "فی امان اللہ"

"اپ کی سحرو"

ایمان کیا لکھا ہے..

یاسر ایمان کے چہرے کے بدلتے رنگ دیکھ کر فکرمندی سے بولا..

ایمان نے لیٹر کو بے یقینی سے دیکھا اور یاسر کی طرف بڑھایا..

ایمان....؟؟

میں فون کرتی ہوں..

ایمان نے لرکھڑاتی زبان میں کہا.. لیکن بے سود سحر کا فون بند تھا..

ایمان کوئی فائدہ نہیں...

نہیں یاسر وہ کسی لڑکے کے ساتھ نہیں بھاگی...ایسا کبھی نہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوچنا... وہ بس مجھ سے ناراض ہو گئی ہے.. اجائے گی..

ایمان نے یاسر کے بدلتے تاثرات دیکھ کر سوچتے کہا..

میں ایسا نہیں سوچ رہا... میں تو یہ سوچ رہا ہوں تم اپنی بہن پر یقین ہی نہیں قائم کر پائی..

یاسر...

ایمان نے بے بسی سے یاسر کو دیکھا..

وہ ضد کر رہی تھی.. ہمارے ساتھ نہیں رہے گی.. پھر ایمان نے سحر کے ساتھ ہوئی ساری بات اُسے بتا دی.. اپنا رویہ بھی..

اب چلو... اج ہی ڈیڈ سے بات کرتا ہوں.."میں تم سے محبت کرتا ہوں."اس لئے اس مشکل وقت میں تمہارا ساتھ نہیں چھوڑ سکتا..ڈیڈ سے بات کرتا ہوں.. اجکل میں ہی نکاح کر کے سحر کو ڈھونڈتے ہیں.. تمہارا کوئی قریبی فیملی ممبر ہے.. تو بتاؤ.؟؟انہیں اگاہ کر دیں ہمارے نکاح کا..

یاسر کچھ سوچتے ہوئے ٹھہر ٹھہر کے بول رہا تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں....!!!

چاچو اور پھوپھو لوگوں نے ماما بابا کی وفات کے بعد پلٹ کر تو ہمیں دیکھنا گوارہ نہیں کیا اور ایک ہی ماموں ہیں جو سعودیہ ہی ہوتے.. انس ادھر ہی گیا ہے..

ایمان جھکے سر کے ساتھ بے بسی سے بول رہی تھی..

چلو پریشان نہ ہو..

سب ٹھیک ہو جائے گا.. اللہ پر بھروسہ رکھو..

حال

گاڑی رکنے سے ایمان ہوش میں ائی تھی..

گھر اگیا ہے.. نکل اؤ.. اپنے خیالوں سے بیگم...

یاسر کی بات سن کر ایمان یاسر کو دیکھے جا رہی تھی..

اگر آپ نہ ہوتے... تو شاید ہماری زندگی میں اتنی اسانیاں نہ ہوتیں..

"کیا سوچ رہی ہو...؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر نے آنکھوں میں شرارت لئے پوچھا..

میں نے کونسی نیکی کی..جو آپ مجھے ملے..

تم نے مجھ سے شادی کرکے اتنی بڑی نیکی ہی تو کی ہے..

یاسر میں مزاخ نہیں کر رہی..

"آپ کو مجھ میں کیا اچھا لگا..؟؟"میں تو ایک اچھی بہن بھی نہیں ہوں..

تم میں کیا اچھا ہے...کیا اچھا ہے..

یاسر سوچنے کی ایکٹینگ کرتے بولا..

ہاں تم اپنی غلطی جلدی تسلیم کر لیتی ہو..اور مجھے پتہ ہے..یہ غلطی ماننے کا فلسفہ تمہے سحر نے ہی سیکھایا ہے..

ایمان نے فوری اثبات میں سر ہلایا اور ہلکا سا مسکرا دی..

پتہ ہے وہ کہتی ہے"ہم جو سب کرتے ہیں..اس سب کی کامیابیوں کا دارومدار صرف سچ بولنے اور غلطی تسلیم کرنے پر ہے.سچ بول کر ہم اسمان پر پہنچ سکتے ہیں اور غلطی تسلیم کرکے ہم زمین

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat Epi 2 | By Pakezza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پر رہ کر بھی اسمان کو چھوتے ہیں.. اللہ ہماری نیتیں جانتا ہے.. اور اسی لئے اپنی رحمت کے مطابق ہمیں نوازتا ہے.."

جس میٹھے لہجے میں تم مجھے اُس کے بارے میں بتا رہی ہو ناں... اسی لہجے میں سحر سے بات کرو گی تو وہ تمہارے قریب ہو گی.. جس طرح تمہارا رویہ ہے اُس کے ساتھ وہ چاہ کر بھی تم پر بھروسہ نہیں کر پاتی..

'اپنی محبت میں خلوص پیدا کرو.. سحر کو جذباتی پن کی نہیں خلوص کی ضرورت ہے..

یاسر کی بات سن کر ایمان کو سمجھ آ رہا تھا وہ غلط کر آئی ہے..

اُسے جذباتی نہیں ہونا چاہیئے تھا..

بھائی اندر آنے کا ارادہ نہیں ہے کیا..؟؟

یاور نے گاڑی کا شیشہ ناک کرتے شرارت سے پوچھا..

ہاں یار آ رہے ہیں..

یاسر ایمان کو نکلنے کا اشارہ کرتا گاڑی سے نکلا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں سمجھا.. اج گاڑی کو ہی بیڈ روم سمجھ لیا آپ نے...

یاور دانت دیکھاتے بولتے ہوئے مڑ کر اندر کو بھاگا..

تو رُک... بڑی مستیاں سوج رہی ہیں کمینے..

یاسر یاور کی بات سن فوری اُس کے پیچھے لپکا.

ایمان بھی دونوں کی نوک جھوک دیکھ کر انس لینے اندر چل دی.

انس کچھ بھی نہیں بولا... کوئی شکایت نہیں کی.. چپ چاپ چلا گیا.. کیا میری وجہ سے وہ تکلیف میں ہے..

نوری مجھے نہیں سونا.. آپ سے بہت ساری باتیں کرنی ہیں.. اپ جانتی ہیں آپ کو سب بتائے بغیر میں سو نہیں سکتا... آپ سمجھتی ہی نہیں ہیں..

سحرا اپنے خیالوں سے نکلتے چونکتے ہوئے عابی کی بات سن کر پیار سے اُسے دیکھنے لگ گئ... وہ کھانے کی میز پر ہوئے واقع کے بارے میں سوچ رہی تھی.. پھر خاموشی سے عابی کے بالوں میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انگلیاں پھیرنے لگی..

مم آپ ناراض ہیں.؟؟ مجھے ڈیڈا کا ذکر نہیں کرنا چاہیے تھا.. بس منہ سے سلیپ ہو گیا..

نہیں بیٹا.. آپ کی نوری آپ سے ناراض ہو سکتی ہے.. بس آپ ہماری باتیں کسی سے شئیر نہ کیا کرو..

سحر نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں کہا.

سحر کی بات سن کر عابی کے چہرے پر اطمینان آگیا..

پھر آپ بول نہیں رہیں..؟؟

عابی دل نہیں کر رہاناں... آپ بولو میں سن رہی ہوں.. سحر نے تھکے ہوئے انداز میں کہا..

آپ کو پتہ میں نے یاور انکل کی جو ہونے والی انٹی ہیں اُن کے گھر میں..

یاور انکل کی ہونے والی انٹی..؟؟

سحر نے ہاتھ روکتے ناسمجھی سے بات کے درمیان پوچھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوہو مسٹر یاور انکل کی ہونے والی وائف..

اچھا...!!

سحر نارمل ہوتے بولی..

کیا کیا وہاں..؟؟

سحر ابرو اچکائے بولی.

"او میری نوری" کچھ نہیں کیا.. بس انکل پرنس کو سوری اسپیٹ کرنے کی ڈیفینیشن بتائی.. تو وہ کہتے مجھے بھی کسی نے ایسے ہی بتائی تھی.. اور وہ بہت کیوٹ تھی.. لیکن میں نے کہا میری نوری سے زیادہ کوئی کیوٹ نہیں.

اچھا عبید سو جاؤ اب.. سفر کیا تھکے ہوئے ہو...باتیں کل کریں گے..

عابی کی بات سن کر سحر کا دل ہر چیز سے اچاٹ ہو گیا تو وہ ہارے ہوئے لہجے میں بولی..

اوکے...اپ نے عبید کہہ دیا.. مطلب. آپ کا موڈ نہیں بات

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرنے کا.. صبح کریں گے بات... گڈنائیٹ.. عابی کروٹ بدل کر
ناراضگی سے بولا اور انکھیں موند گیا..
سحر اس وقت خود کو بے بسی کی انتہا پر محسوس کر رہی تھی..
"میرا دل کر رہا ہے.. میں سب چھوڑ کر آپ کے پاس ا
جاوں.. لیکن نہیں اسکتی.."
سحر کی سوچتے ہوئے انکھیں نم ہو گئ تھیں..

مام شاپنگ کب شروع کر رہی ہیں ہیرے کی...؟؟
حارث کھانا کھاتے حرا کو دیکھتے مسکراہٹ دباتے بولا..
ہیرے سے شروعات کرنی بیگم..؟؟ ہاتھ ہلکا رکھو.. ڈیریکٹ
ہیرے کی جیولری..
شاہد صاحب نے فوری حیران ہوتے پوچھا.. تو حرا نے تلملا
کر شاہد صاحب اور شفق بیگم کو دیکھا.. البتہ شفق بیگم نے
تاسف سے گردن ہلائی..
ڈیڈ بھائی میری شاپنگ کی بات کر رہے ہیں..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat Epi 2 | By Pakezza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرا نے چباتے ھوئے کہا.

ہی ہی ہی..

حارث نے فوری دانت دیکھائے..

ہاہاہا..

میں تو چمکتی ہوئی چیز ہوں.. آپ میں تو کوئی بھی بات نہیں..

حرا نے اترا کر کہا..

"تم میں لائٹیں لگیں ہیں..؟؟" اوووو.. ہمیں پتہ ہی نہیں تھا.. چلو یاور بھائی کا بجلی کا بل بچ گیا.. ہماری تو تم نے بچت کروانی نہیں ہے..

مام ڈیڈ آپ دیکھ لیں بھائی کو.. حرا نے احتجاج کرتے لہجے میں کہا.

شاہد صاحب مسکرائے جا رہے تھے دونوں کی نوک جھوک دیکھ کر اور شفق بیگم سر تھامے دونوں کو دیکھ رہی تھیں.. مطلب بے بس تھیں.. دونوں کو کچھ بھی کہنا فضول تھا.. تبھی انہیں عاقب آتا دیکھائی دیا.. تو وہ ان دونوں کو ان کے حال پر چھوڑ کر عاقب کی طرف

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

متوجہ ہوئیں.

میری جان.. اگئے.. جلدی سے فریش ہو کر اجاؤ... میں پھر سے کھانا گرم کرواتی ہوں.. اوہاں میٹھائی دے دی تھی سرمد بھائی کے گھر..؟؟

جی مام.. افس جاتے پکڑا دی تھی.. یاسر اور بھابی کہیں جا رہے تھے.. باہر سے ہی دے آیا.. اور مام مجھے بھوک نہیں ہے.. بس ایک کپ کافی بھجوا دیں.

عاقب نے سر ملتے ہوئے تھکے ہوئے انداز میں کہا..

تھکاوٹ اُس کے چہرے سے عیاں ہو بھی رہی تھی..

ہاں وہ عابی کو چھوڑنے گئے ہوں گے.. کل بتا رہی ایمان.. اُس کی سسٹر زیادہ دن نہیں رہتی اُس کے بغیر..

مام وہ اتنا پیارا ہے.. کیسے رہ سکتا ہے کوئی اُس کے بغیر.. اتنا معصوم اور چنچل ہے.. سب کے دکھ فوری کم کر دیتا ہے.

عاقب نے دل میں سوچا بتایا نہیں.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کچھ کھانے کو بھی بھجواؤں گی کھالینا.. پھر کافی پینا..

مام پلیز... جب میرا دل نہیں ہے کھانے کو.. کیوں زبردستی کرتی ہیں..؟؟

بیٹا تھوڑا سا کھالینا.. تمہاری ماں اتنے پیار سے کہہ رہی ہے..

ڈیڈ مجھے کچھ نہیں کھانا پینا.. اپ لوگ کیوں نہیں سمجھتے..

اگر زبردستی کرتی ناں تو اج تم اس طرح نہ رہ رہے ہوتے..

شفق بیگم نے دکھی لہجے میں کہا تو عاقب چہرے پر سختی لائے اپنے کمرے کی طرف چلا گیا.. شفق بیگم نے انکھوں میں اَس لیے اپنے بیٹے کو جاتے دیکھا.

مام پلیز آپ تو دکھی نہ ہوں.. اسی لئے آپ کا موڈ ٹھیک رکھنے کے لئے حرا کو تنگ کرتا ہوں.. کل کو یہ بھی چلی جائے گی تو پھر میرے پاس کوئی بہانا نہیں ہوگا آپ کو خوش کرنے کے لئے.. آپ کو خود ہی خوش رہنا پڑے گا.

حارث کی بات سن کر شاہد صاحب پھیکا سا ہنس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیے اور شفق بیگم اپنی انکھوں کے کونے صاف کرنے لگیں..

حارث اور حرا دونوں کے چہرے بھی سنجیدہ ہو گئے تھے..

جیسا کرتا ہے کرنے دو..اُس کی مرضی کے خلاف جاؤ گی تو وہ مزید چڑچڑا ہو گا..

پر شاہد اُس کو اسطرح نہیں چھوڑ سکتے..وہ مر جائے گا..

نہیں مرتا...وہ اپنی یادوں اور ماضی میں ہی جیتا ہے..اسی لئے وہ ہمارے سامنے ہے..دیکھنا ایک دن اُس کی چپ کتنا بڑا انعام لائے گی اُس کے لئے..

شاہد صاحب کچھ سوچتے ہوئے بول کر اُٹھ گئے..

عاقب دروازہ بند کرتا بے دردی سے کوٹ اُتار کر بیڈ پر گیرنے کے انداز میں لیٹا اور انکھیں بند کر کے لمبے لمبے سانس لینے لگا..انکھوں کے کونوں میں جب نمی کا احساس ہوا تو پٹ سے انکھیں کھولیں اور انسوؤں کا ایک قطرہ اپنی پوروں پر چن کر اپنی انکھوں کے سامنے کیا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ انسو میری تنہائی کے گواہ ہیں.. لیکن میں خود کو تنہا نہیں ہونے دیتا.. ہر وقت تمہے اپنے ساتھ رکھتا ہوں.. لیکن کبھی کبھی لوگ تمہے مجھ سے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں.. تب میں تنہا ہو جاتا ہوں.. پلیز یار.. کیوں تنہا ہونے دیتی ہو مجھے...؟؟ جانتی بھی ہو.. تمہے سوچ بغیر سانس نہیں لیتا میں.. "

سانس لینے کا وسیلہ, تیری یادیں ٹھریں

تڑپنے کا وسیلہ, تیری یادیں ٹھریں

اتنے خلوص سے تمہیں سوچتا ہوں

جیسے تمہے سوچنا, میری بخشش کا وسیلہ

عاقب بے خودی میں اپنے آپ پر ہی ہنس رہا تھا..

حرا جب کمرے میں ائی تو اُسے اپنے فون کی رنگ ٹون سُنائی دی..

"اسلام علیکم یاور..!!"

سوری وہ میں نیچے ڈینر کر رہی تھی. فون روم میں تھا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمم ریلکس یار... اٹس اوکے.. اتنا ہر براہ کیوں رہی ہو...

نہیں یاسر آپ کی کافی مسڈ کالز ائی ہوئی ہیں تو میں پریشان ہو گئی..

حرا نے فون اسکرین کی طرف دیکھتے کان سے لگاتے کہا..

میں تو ویسے ہی چاند کو دیکھتے تمہے یاد کر رہا تھا..

یاور چاند کو دیکھتے حذب سے بولا تو حرا کے ہونٹوں پر مسکراہٹ عود ائی..

تو میڈم تیاری کر لی میرے پاس ہمیشہ کے لئے انے کے لئے..

؟؟

یاور پلیز... ایسے نہ کہیں... میں پہلے ہی بہت فکر مند ہوں گھر والوں کو لے کر..

حرا ایک دم سے سنجیدہ ہوتے بولی.

کیوں کیا ہوا گھر والوں کو...؟؟ یاور سیدھا ہوتا فکر مندی سے بولا.

کچھ نہیں میرے بعد ماما اکیلی ہو جائیں گیں.. اور عاقب بھائی کا تو آپ کو پتہ ہے.. وہ کم ہی بات کرتے اور حارث

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی کیا کرلیں گے اکیلے..

حرا یہ تو دستور ہے.. تم فکر میں کیوں گھل رہی ہو.. اللہ نے اُن کی خوشی کا بھی کوئی ساماں کیا ہی ہوگا.. تم ریلکس ہو کر اس وقت کو انجوائے کرو... سب اللہ پر چھوڑ دو.

یاور پیار سے سمجھاتے ہوا بولا..

یاور ایک بات پوچھوں..؟؟

حرا نے جھجکتے ہوئے کہا.

ہاں بولو.. ہمارے رشتے میں پوچھنے کی نوبت اگئی ہے کیا...؟

یاور کیا آپ کی محبت مجھے ازمائے گی..؟

حرا افسردہ سی بولی..

یہ تو وقت بتائے گا.. ہماری محبت کتنی مضبوط ہے.. ابھی تو اغاز ہے.. انجام کا تو نہیں پتہ مجھے.. وقت پڑنے پر محبت ہم دونوں کو ازما سکتی ہے..

لیکن یاور مجھے ڈر لگ رہا ہے.. اگر میں اُس آزمائش پر پوری نہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُتری...اور انجام بھیانک ہوا تو....

حرا اغاز اور انجام ہمیں معلوم ہوتا تو یہ جذبہ ہم خود میں پیدا ہی نہ کرتے...بس یہ دعا کرو..ازمائش اتنی ہو..جتنی ہم جھیل سکیں..

یاور میرا ساتھ دیں گے...؟؟

ہر جائز کام میں ساتھ دوں گا...بُرے کاموں میں نہیں..

یاور شوخ ہوتے بولا..

یاور میں سیرئیس ہوں.

حرا نے تپ کر کہا..

اچھا..لیکن اتنا زیادہ بھی سیرئیس نہ ہو جاؤ کہ میری ہنسی نکل جائے..

آپ اور حارث بھائی ایک ہی نسل کے ہیں..دونوں کو مجھے تنگ کر کے مزہ اتا ہے..

بائے.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرا نے روہانسی ہو کر کہہ کر فوری فون بند کر دیا تھا۔ یاور بے چارہ ارے ارے کرتا رہ گیا..

"اللہ مجھے اتنی ہی ازمائش دینا.. جتنی میں جھیل سکوں"

حرا خود کلامی بولی اور فون کو سائیڈ ٹیبل پر پٹخا..

عینہ کو افس پہنچتے پہنچتے دیر ہو گئی تھی.. اب وہ اپنی کرسی پر بیٹھے لمبے لمبے سانس لے رہی تھی..

عینہ سر میٹینگ میں تمہارا ویٹ کر رہے ہیں.. تمہاری وجہ سے میٹینگ رکی ہوئی ہے..

سوری رانیہ میم بس راستے میں دیر ہو گئی..

عینہ سر کو اکسکیوز دینا... میں تو پرنسز آپ کو کچھ نہیں کہہ سکتی.. اب چلیں..

عینہ سمائل پاس کرتی کھڑی ہوئی تو دونوں میٹینگ ہال کی طرف چل دیں..

سر اب سٹارٹ کریں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رانیہ اپنی کرسی پر بیٹھتے بولی..عینہ بھی نظریں چُراتی سب کو سلام کرتی کرسی پر بیٹھ گئی..

مس عینہ آپ جانتی ہیں.ہر منڈے کو پورے ویک کا کام ڈسکس کیا جاتا ہے..پھر آپ لیٹ کیوں ہوئیں..؟؟

عاقب بنا تاثر کے سب کو دیکھتے عینہ سے پوچھ رہا تھا..

" ..Sir I, am extremely sorry'

"مس عینہ ریزن..؟؟"

عینہ نے کنفیوژ ہوتے سب کو دیکھا..ایسی سچویشن پہلی دفعہ پیش ائی تھی..

سر تھوڑا پرسنل ایشو ہے..(عینہ دبی اواز میں بولی)

مس عینہ آپ پرسنل کام افس ٹائم کے بعد بھی کر سکتی ہیں. (جتانے والے انداز میں کہا گیا)

سر دراصل مجھے اپنے گھر کے سارے کام خود کرنے ہوتے ہیں..

مجھے صبح فیل ہوا جسے رات میں میرے فلیٹ پر کوئی ایا تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو میں نے اپنی سیفٹی کے لئے ونڈوز پر منینٹ بند کروائی ہیں مکینک سے.. اس لئے آتے دیر ہو گئی..

عینہ نے نارمل انداز میں کہہ کر عاقب کو دیکھا..

اوکے...!!

کوئی بات نہیں اس کے لئے آپ کو سوری کرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو کمپنی کی طرف سے فلیٹ ملا ہے.. تو سیکیورٹی کی ذمہ داری کمپنی کی ہی ہے.. آپ ہمیں کمپلین کر سکتی ہیں.. اگر فلیٹ کو لے کر کوئی ایشو ہو تو.. ہم سیکیورٹی سخت کروادیں گے..

عاقب نے فائلز اوپر نیچے کرتے مصروف سے انداز میں کہا... وہاں بیٹھے سب عینہ کی خوداعتمادی کے قائل تھے.. کیونکہ وہ ہمیشہ سچ ہی بتاتی تھی.. اور یہ اُس کے لہجے سے صاف معلوم ہوتا تھا..

کبھی نہیں اس بندے نے اپنے چہرے سے کوئی ری ایکشن دیا.. عینہ صرف یہ سوچ سکی.. بولنے کی ہمت نہ تھی. بولی تو صرف

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اتنا..

"نوسر" مجھے اپنی حفاظت کرنا اتا ہے.. پھر بھی کوئی مسئلہ ہو گا تو میں کمپنی کو انفارم کر دوں گی. اب میٹنگ سٹارٹ کریں..

عینہ نے بنا کسی تاثر کے کہہ کر عاقب کو دیکھا کہ اب کوئی رد عمل دے گا..

"جی جی شیور"

عاقب وائیٹ بورڈ کی طرف دیکھتے سخت لہجے میں بولا..

اپنی دفعہ غصہ اگیا.... میں بتانا نہیں چاہتی تھی.. کہ پتہ نہیں کیا سوچیں گے سب...پر یہ بندہ پوچھ کے ہی دم لیتا ہے..

اب میں جھوٹ بھی نہیں بول سکتی تھی..

مس عینہ پرزنٹیشن تیار ہے..جو کل دینی ہے..

"مس عینہ......"

عینہ اپنی ہی سوچوں میں ڈوبی ہوئی تھی کہ عاقب نے ٹیبل بجا کر تیز لہجے میں کہا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یس سر.."

"سب تیار ہے.."

عینہ نے تیزی سے نارمل ہوتے کہا..

گڈ.. تو کل میں آپ کے ساتھ ہی جاؤں گا..

جی سر..

عینہ نرم لہجے میں بول کر فائل پر جھک گئی..

میٹینگ ختم ہونے پر سب سے پہلے عینہ ہی نکل.. اور ملازم کو چائے کا کہہ کر کپیوٹر اون کر کے کام میں لگ گئی..

ویسے عینہ داد دینا پڑے گی تمہارے اعتماد کی..

اتنے ارام سے اپنی پرابلم بتادی..

میم رانیہ جو سچ تھا وہ ہی بتایا.. جھوٹ کیسے گھڑتی..

عینہ نرمی سے بولی..

اچھا یہ فائل سٹڈی کر لینا. اور بائے داوئے تمہے کسے پتہ کوئی چور وغیرہ ایا تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میم رانیہ جاتے ہوئے اچانک یاد آنے پر پلٹ کر بولیں..

کیونکہ میں ویک میں ایک دفعہ کی فلیٹ کی صفائی کرتی ہوں تو رات کو ہی محنت سے صفائی کی تھی تو فلور پر جسٹ شوز کی ڈسٹ تھی.. جس سے مجھے اندازہ ہو گیا.. کیونکہ رات کو صفائی کر کے میں سو گئی تھی.. چلی پھری نہیں تھی..

عینہ تمہے سی ای ڈی میں ہونا چاہئے تھا..بزنس میں نہیں..

ویسے ڈر نہیں لگا یہ سب سوچ کر. اگر کوئی نقصان ہو جاتا تو..

"نہیں...رب کے بندوں سے کیوں ڈرنا..جب رب ہے..اُس سے ڈرو...اور اُس کے بندوں سے لڑو..جو ڈر گیا وہ مر گیا..کوئی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا"

عینہ شفیق مسکراہٹ ہونٹوں پر لاتے پورے جوش سے بول رہی تھی

ماشاءاللہ

اللہ تمہاری مسکراہٹ ایسے ہی قائم رکھے..

ویسے تمہے کسی نے بتایا نہیں. تمہاری مسکراہٹ بہت پر نور ہے..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat Epi 2 | By Pakezza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مس رانیہ یہ کام کرنے کا وقت ہے.. گو سیپ کا نہیں..

عاقب کیبن کے پاس کھڑا ہوتا سخت لہجے میں بولا..

رانیہ ہربراہ کر سوری کہتی اپنے کیبن کی طرف چلی گئ.. البتہ عینہ نے سر اُٹھا کر دیکھنے کی زحمت نہ کی تھی..

مجھے طلب ہو ہی رہی تھی چائے کی..

عاقب اپنے افس کی طرف جا رہا تھا کہ ملازم کو چائے لاتے دیکھ کر کپ اُٹھاتے بولا..

س س سر.. یہ عینہ بی بی کی ہے.. آپ اسی چائے نہیں پیتے.. میں دودھ پتی بنا دیتا ہوں..

ملازم سر جھکائے بولا..

نہیں کوئ مسئلہ نہیں..

عاقب چائے لے کر افس کے اندر چلا گیا..

سوری عینہ بی بی.. وہ چائے سر لے گئے ہیں... میں پانچ منٹ میں اور بنا کر لاتا ہوں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ نے عاقب کو چائے لیتے دیکھ لیا تھا.. تبھی ملازم وضاحت دینے لگا..

چلیں اپ اور بنا لائیں... میرے سر میں بہت درد ہو رہا..

عینہ کہہ کر مینجر کے افس کی طرف چل دی..

رات کو تھکی ہاری جب وہ پیدل چل کر فلیٹ تک ائی تو عینہ کو محسوس ہوا کوئی اُس کا پیچھا کر رہا تھا.. لیکن اُس نے پلٹ کر دیکھا نہیں تھا.. تیز تیز چلتی ائی تھی..

افففففف....اللہ یہ میرا وہم ہو... ورنہ آپ جانتے ہیں..

میں اتنی بھی بہادر نہیں... اس سے بہتر تھا میں ہوسٹل میں ہی رہتی.. مجھے ہی شوق چڑھا تھا.. ازاد رہنے کا سکون سے..

عینہ اپنے آپ کو کوستے حجاب اُتار رہی تھی.. پھر اُس نے ساری کھڑکیاں چیک کیں جو کہ مضبوطی سے بند تھیں..تب اُس نے سکون کی سانس خارج کی..

جلدی سو جاتی ہوں.. صبح جانا بھی ہے.. تین گھنٹے کا تو پکا ہے سفر..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوپر سے سر صاحب نے ساتھ جانا.. بندہ اکیلے بھی بھیج سکتا..

لیکن نہیں یقین ہی نہیں ہے کہ میں پرزنٹیشن دے پاؤں گی کہ نہیں.. چلیے ساتھ دیکھ لے.. کتنی قابل ہوں میں..

عینہ منہ کے زاویے بگاڑتی کھانا گرم کرتے بول رہی تھی..

"انس ناراض ہو...؟؟"

نہیں سحرو.. میں کیوں ناراض ہوں گا...

انس نارمل انداز میں بولا..

میں نے کہا شاید کل والی بات کو لے کر ناراض ہو...

سحر نے ندامت بھرے لہجے میں کہا تو انس پھیکا سا ہنس دیا..

میں اپنی نک چڑی بہن سے ناراض نہیں ہوں..

اچھا پھر واپس چلے جاؤ... کب تک یہاں رہو گے... ماموں بھی تمہارا انتظار کر رہے.. وہ بھی کب تک انعم کو بیٹھائیں گے گھر پہ... جا کر شادی کر لو.. اور اپنی زندگی شروع کرو..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر نے سمجھانے کی کوشش کی..

تم اکیلی رہ لو گی...؟؟

انس نے الجھن بھرے لہجے میں پوچھا..

میرے ساتھ عابی ہے.. میں کیسے اکیلی...

سحر نظریں چُراتی بولی..

عابی کے باپ کو بتادو عابی کا... وہ تمہیں سمجھے گا. اگر اب بھی چاہتا ہوا تو... ورنہ میرے ساتھ چلو.. میں تمہیں اکیلا چھوڑ کر نہیں جاؤں گا.. تھرڈ اپشن ہے تو تم بتاؤ..

انس کندھے اچکاتے بولا تو سحر نے تاسف سے اپنے بھائی کو دیکھا..

تھرڈ اپشن بھی تم دونوں ہی بتا دیا کرو... جب جانتے ہو پہلی دو اپشنز میں نہیں مانوں گی..

سحر ایک دم سے بھڑکتے ہوئے کہا.. تو انس نے نا سمجھی والے تاثر دیے..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat Epi 2 | By Pakezza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر و جو کرنا تم دونوں نے... میں تو بس تم دونوں کے لئے ضد بن کر رہ گئ ہوں..

چلی جاؤں گی عابی کو لے کر کسی دن تم لوگوں کی زندگی سے... پھر تم لوگ بے فکر ہو جانا... ابھی تو سامنے ہوں اس لئے باز پر س کرتے ہو..

عینہ نے غصے سے کہا اور پلٹ کر اپنے کمرے کی طرف جانے لگی..

بھاگنا ہی تو اتا ہے.. کبھی ہم سے کبھی اپنے شوہر سے.. تھرڈ اپشن تمہارے پاس ہے ہی نہیں... تمہارا پاس ہر مسئلے کا ایک ہی اپشن ہے.. چھپ جانا دوسروں سے..

انس نے طیش میں اتے چلاتے ہوئے کہا تو سحر نے پلٹتے ہوئے انکھوں میں حیرت لئے انس کو دیکھا.. اور اُسے گھارتے پیر پٹختے کمرے میں چلی گئی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب کو میں ہی بری لگتی ہوں.. یہ لوگ صرف مجھے ایک فرض سمجھتے ہیں..

سحر کمرے میں چکر کاٹتے سوچ رہی تھی. تبھی اُس کا فون بجا..

اسلام علیکم یاسر بھائی...

وعلیکم اسلام بہنا..

کیسی ہو..

ٹھیک ہوں بھائی.. آپ بتائیں بچے اور اپی کا کیا حال...؟

اپی کا ناراضگی کم ہوئی..

سحر نے اپنے آپ پر ضبط کرتے پوچھا..

سحر تم جانتی تو ہو.. وہ وقتی جذباتی ہو جاتی.. پھر سوچ سوچ کر گھلتی..

یاسر نے مسکراتے ہوئے کہا..

بھائی میں کیا کروں... نہیں بتا سکتی اپی کو.. ورنہ آپ کو ان کے رو عمل کا پتہ ہے.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویسے وہ بہت تنہا ہو گیا ہے.. دن رات صرف کام کرتا.. میں نے اُسے کبھی فارغ نہیں دیکھا.. لیکن اچھی بات بتاؤں اُس کی..!! نہ وہ سیگرٹ پیتا ہے اور نہ ہی غم بھلانے کے لئے ڈرنک کرتا... بے چارہ دو بیویاں ہوتے ہوئے بھی اکیلا ہے.. بہت ترس اتا ہے اُس پر.. لیکن کبھی اُس کی انکھوں میں شکوہ نہیں دیکھا.. جسے اُس کو زندگی گزارنے کا ہنر ہے.. بہنا بہت دل دُکھتا ہے میرا.. تم دونوں کو دیکھ کر..

یاسر بنا بریک کے بول رہا تھا اور ادھر سحر انسو اپنے اندر اُتارنے کی کوشش کر رہی تھی..

جاری ہے..

جزاک اللہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel